**09-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

1۔ لوک سبھا انتخابات کے لیے انتخابی مہمات زور پکڑ رہی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی سمیت سینئر BJP لیڈروں نے ملک کے مختلف حصوں میں ریلیاں اور روڈ شو منعقد کیے۔

2۔ DMK کے لیڈر ایم کے اسٹالین نے مدورئی میں ریلی کی۔ کانگریس اور عام آدمی پارٹی لیڈروں نے آسام میں عوامی جلسے کیے۔

3۔ دلی ہائی کورٹ نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی اُس عذرداری کو مسترد کر دیا ہے، جس میں انہوں نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے معاملے میں ED کے ذریعے اپنی گرفتاری کو چیلنج کیا تھا۔

4۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے صدر نے فلسطینی اتھارٹی کی اُس درخواست کو نئے رکن کے داخلے سے متعلق کمیٹی کے سُپرد کر دیا ہے، جس میں فلسطین نے سلامتی کونسل کا ایک مکمل رکن بننے کیلئے کہا تھا۔

5۔ NASA کا کہنا ہے کہ مارچ 2024 کا مہینہ ریکارڈ پر سب سے زیادہ گرم مہینہ رہا۔ اُس نے خبردار کیا ہے کہ اگر موسم گرما کے اختتام تک درجۂ حرارت میں اضافہ جاری رہتا ہے تو اُس کے غیرمتوقع نتائج ہوں گے۔

7۔ اور IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگز اور سنرائزرس حیدرآباد کے درمیان چنڈی گڑھ میں میچ جاری ہے۔

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**REV CAMPAIGNING**

لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما، ملک کے مختلف حصوں کا دورہ کر رہے ہیں اور اپنے پارٹی امیدواروں کی حمایت میں عوامی ریلیاں اور روڈ شو منعقد کر رہے ہیں۔

سینئر BJP رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام چنئی میں ایک روڈ شو منعقد کرکے تمل ناڈو کے اپنے دو روزہ دورے کا آغاز کیا۔ وہ ایک خصوصی طیارے سے چنئی پہنچے ہیں اور انھوں نے BJP امیدواروں تملیسائی سندر راجن، Paul Kanagaraj اور وِنوج پی سِلوم کیلئے ووٹ دینے کی اپیل کی۔ یہ امیدوار چنئی جنوب، شمال اور وسطی لوک سبھا حلقوں سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ دو کلو میٹر کا یہ روڈ شو Panagal پارک سے شروع ہوا اور Teynampet میں Eldams روڈ پر ختم ہوا۔

جناب مودی کے ہمراہ ریاستی BJP صدر کے انا ملائی اور دیگر شخصیتیں بھی تھیں۔

کل، ممتاز BJP رہنما جناب مودی، کوئمبٹور کیس قریب ویلّور اور Mettupalayam میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

مدورائی میں ایک اور تقریب میں DMK رہنما اور ریاست کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں، مہم حصہ لیا۔ مدورائی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے ED اور IT کے ذریعے اپوزیشن رہنماؤں کو نشانہ بنانے اور اُنھیں جیل بھیجنے پر BJP کی تنقید کی۔ جناب اسٹالن نے کہا کہ غیر BJP کے اقتدار والی ریاستوں نے ہمیشہ فنڈز کی کم یابی کے سبب خمیازہ بھگتا ہے۔

انھوں نے چار سال کی مدت میں AIDMK کے غیر سرگرم رہنے پر بھی اُس کی نکتہ چینی کی ہے۔

تمل ناڈو میں اِس ماہ کی 19 تاریخ کو 39 لوک سبھا سیٹوں کیلئے پولنگ کرائی جائے گی۔

اِس سے پہلے دن میں وزیر اعظم مودی نے مدھیہ پردیش میں بالا گھاٹ کے مقام پر لوگوں سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ 2024 کے لوک سبھا انتخابات، 21 ویں صدی کے بھارت کیلئے بہت ہی اہم انتخابات ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ محض چناؤ نہیں ہے بلکہ ایک نئے بھارت کی تعمیر کا ایک مشن ہے۔ انھوں نے کہا کہ BJP حکومت، سب کا ساتھ، سب کا وکاس، کے طریقۂ کار پر عمل کر رہی ہے اور ملک کے ہر شہر اور گاؤں کو ترجیح دے رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ حکومت، ملک میں جدید بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر کروڑوں روپے خرچ کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی حکومت نے Tantya Mama کو اعزاز سے نوازا اور بھگوان برسا مُنڈا کے یومِ پیدائش پر پہلی بار قبائلیوں کے فخریہ دن کا آغاز کیا۔

SB: 2100 PM- Balaghat-MP

آسام میں ممتاز رہنماؤں نے، ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریاست پہنچنا شروع کر دیا ہے۔ وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج دوپہر شمالی لکھیم پور میں ایک عوامی جلسے کا انعقاد کیا۔ عام آدمی پارٹی اور کانگریس رہنما بھی آج ریاست میں موجود تھے۔ x

## MEERUT CONSTITUENCY PROFILE

اتر پردیش میں، لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 8 سیٹوں پر 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں میرٹھ کی اہم سیٹ بھی شامل ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

مغربی اتر پردیش کی میرٹھ لوک سبھا سیٹ میں پانچ اسمبلی حلقے ہیں۔ اِن میں میرٹھ ڈسٹرکٹ، میرٹھ کینٹ، میرٹھ ،کٹھور، میرٹھ سٹی کے چار اسمبلی حلقے اور ایک ہاپوڑ اسمبلی کا ایک حلقہ شامل ہے۔ اِس لوک سبھا حلقے میں مجموعی طور پر 20 لاکھ 530 رائے دہندگان ہیں۔ BJP نے، اپنے تین بار کے رکن پارلیمنٹ راجیندر اگروال کا ٹکٹ منسوخ کر کے میرٹھ لوک سبھا سیٹ سے ارون گول کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ اِس سیٹ پر سماج وادی پارٹی نے اپنے امیدواروں کا نام دو مرتبہ تبدیل کیا ہے اور حتمی طور پر سابق میئر سنیتا ورما کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔

اِس سیٹ سے BSP کی طرف سے دیورتھ تیاگی انتخاب لڑ رہے ہیں۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں، BJP کے راجیندر اگروال نے، پانچ لاکھ 86 ہزار 184 ووٹ حاصل کر کے اِس لوک سبھا سیٹ سے انتخاب جیتا تھا۔ یہاں سے BSP کے حاجی محمد خاں یعقوب دوسرے مقام پر رہے تھے جنھوں نے پانچ لاکھ 81 ہزار 455 ووٹ حاصل کیے تھے۔

دونوں لیڈروں کے درمیان کامیابی اور ناکامیابی کا اوسط بہت ہی کم تھا۔ تمام پارٹیوں نے اِس بڑی اہمیت والی سیٹ کے لیے انتخابی مہموں کا آغاز کر دیا ہے۔ اس نشست پر 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

لکھنؤ آکاشوانی نیوز سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .........................

## MVA SEAT SHARING

مہاراشٹر میں، Maha Vikas Aghadi نے آخرکار سیٹوں کی شراکت داری کے اپنے معاہدے کا اعلان کر دیا ہے۔ ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے NCP (SP) کے سربراہ شرد پوار، شیو سینا (UBT) کے لیڈر ادھوَ ٹھاکرے اور ریاستی کانگریس کے صدر نانا پٹولے نے ریاست میں 48 پارلیمانی سیٹوں کے لیے سیٹوں کی شراکت داری کے معاہدے کا اعلان کیا۔ مہاراشٹر میں، شیو سینا (UBT)، 21 لوک سبھا سیٹوں پر انتخاب لڑے گی

جبکہ کانگریس 17 سیٹوں پر اور NCP (SP) دس سیٹوں پر انتخاب لڑے گی۔×

## ECI SURJEWALA

بھارت کے انتخابی کمیشن نے کانگریس لیڈر رندیپ سنگھ Surjewala کو BJP لیڈر ہیمامالنی کے خلاف اُن کے غیرمناسب بیان کے لیے نوٹس جاری کیا ہے۔ جناب Surjewala سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنا جواب اِس مہینے کی 11 تاریخ کو شام پانچ بجے تک داخل کریں۔ کمیشن نے جناب Surjewala کے بیان کو یہ کہتے ہوئے نامناسب، نازیبا اور غیرمہذب قرار دیا ہے کہ یہ ہیمامالنی کے تیئں وسیع گستاخی اور خواتین قانون سازوں کے وقار کی بے حرمتی ہے۔×

## KEJRIWAL PLEA

دلی ہائی کورٹ نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے ذریعے دائر کردہ اس عذرداری کو آج مسترد کر دیا جس میں انہوں نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے معاملے سے تعلق رکھنے والے ناجائز طور پر رقم وصول کرنے کے معاملے میں انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کے ذریعے اپنی گرفتاری کے ساتھ ہی ٹرائل کورٹ کے ذریعے انہیں ED کی تحویل میں دینے سے متعلق ریمانڈ آرڈر کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس Swarana کانت شرما نے ان کی گرفتاری اور اس کے بعد انہیں ریمانڈ پر دینے کے اپنے فیصلے کو برقرار رکھا تاکہ ED مطلوبہ مواد، گواہوں کے بیانات حاصل کر سکے اور عاپ کے اپنے امیدوار کے اِس بیان کو ثابت کر سکے کہ کجریوال کو گوا انتخاب کے لیے رقم دی گئی تھی۔

عام انتخابات سے قبل گرفتاری کے وقت کو چیلنج کرنے سے متعلق کجریوال کے دلائل پر، عدالت نے کہا کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے کسی قسم کی بددیانتی کی عدم موجودگی میں گرفتاری کے وقت کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جناب کجریوال اس وقت عدالتی تحویل میں ہیں۔ انہیں 21 مارچ کی رات کو گرفتار کیا گیا تھا۔ 22 مارچ کو ٹرائل کورٹ نے انہیں چھ دن کے لیے ED کی تحویل میں بھیج دیا تھا جس میں بعد میں مزید چار دن کی توسیع کی گئی تھی۔ یکم اپریل کو انہیں 15 اپریل تک کے لیے عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا۔ ×

## BJP AAP KEJRIWAL

آج BJP نے دلی ہائی کورٹ کے ذریعے دلی ایکسائز پالیسی معاملے میں جیل میں بند دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی اُس عذرداری کو مسترد کیے جانے کے بعد اروند کجریوال کی سخت سرزنش کی، جس میں انہوں نے اپنی گرفتاری کو چیلنج کیا تھا۔ نئی دلی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کہا

کہ عام آدمی پارٹی کا اڑیل رویہ تار-تار ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب کجریوال کا ذاتی طور پر ایماندار ہونے کا کردار بھی، حقائق اور ثوابت سے تار-تار ہو گیا ہے۔ اسی دوران عاپ کے لیڈر اور دلی کے وزیر سوربھ بھاردواج نے کہا کہ پارٹی سپریم کورٹ سے رجوع کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی کو سپریم کورٹ پر پورا بھروسہ ہے۔

انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ اروند کجریوال کو بھی، پارٹی لیڈر سنجے سنگھ کی طرح ہی، عدالت عظمی سے راحت ملے گی۔x

## KAVITHA CUSTODY

دلّی کی راؤز اوینیو عدالت نے BRS کی لیڈر کے کویتا کی عدالتی تحویل 23 اپریل تک بڑھا دی ہے۔ وہ دلّی کی آبکاری پالیسی گھپلے سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں تحویل میں ہیں۔ کُل دلّی کی ایک عدالت نے کویتا کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا تھا۔ کویتا مبینہ طور پر اُس 'ساؤتھ گروپ' کی اہم ممبر ہیں جس پر الزام ہے کہ اُس نے قومی راجدھانی میں شراب کے لائسنسوں کا ایک بڑا حصہ حاصل کرنے کیلئے عام آدمی پارٹی کے بڑے لیڈروں کو 100 کروڑ روپئے دیئے تھے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 15 مارچ کو حیدرآباد کے بنجارا ہلز رہائش سے کویتا کو گرفتار کیا تھا۔x

## ED BANK LOAN FRAUD

انفورسمینٹ ڈاکٹوریٹ ED نے، پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹو بینک کے، بینک قرضے کے دھوکہ دھڑی معاملے میں 52 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی ایک ہزار 807 ایکڑ اراضی کو عبوری طور پر قرق کیا ہے۔ ED نے تحقیقات کا آغاز ممبئی پولیس کے ذریعے درج ایک FIR کی بنیاد پر کیا۔ یہ FIR پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹو بینک کے اُس وقت کے ڈائریکٹر جوئے تھومس، ولیم سنگھ اور دیگر نامعلوم افراد کے خلاف درج کی گئی ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ ہاؤسنگ ڈولپمنٹ اینڈ انفراسٹرکچر پرائیویٹ لمیٹیڈ، اس کے پروموٹرس اور دیگر معاون ملزمان نے دھوکہ دھڑی کی جس سے بینک کو چھ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا۔x

## NIA ATARI DRUG CASE

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، اٹاری منشیات ضبطگی معاملے کے کلیدی ملزم، جس کی شناخت ہرویندر سنگھ کے طور پر کی گئی ہے، کو گرفتار کر لیا ہے۔ بھارتی کسٹم حکام نے اپریل 2022 میں 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی 102 کلوگرام سے زیادہ ہیروئین ضبط کی تھی۔ NIA کے تحقیقات کے مطابق پنجاب کا رہنے والا یہ ملزم منشیات

تقسیم کرنے، بینکوں کے ساتھ ساتھ حوالہ کے چینلوں کے ذریعے نقدی کا لین دین کرنے اور منشیات کی تجارت کرنے میں ملوث تھا۔ اس معاملے کا تعلق بین الاقوامی منشیات کی تنظیموں کے توسط سے مختلف تقسیم کاروں کے ذریعے بھارت میں منشیات تقسیم کرنے اور بیرون ملک قائم اصل سازش کاروں کو منشیات فراہم کرنے سے ہے۔×

## PREZ HOMEOPATHIC SYMPOSIUM

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، ہومیوپیتھی سے متعلق ایک دو روزہ سمپوزیم کا افتتاح کریں گی۔ اِس کا انعقاد نئی دلّی کے، یشوبھومی کنونشن سینٹر دوارکا میں ہومیوپیتھی کے 2024 کے عالمی دن کے موقع پر کیا جا رہا ہے۔ اِس کا اہتمام، ہومیوپیتھی کے شعبے میں تحقیق کی مرکزی کونسل، CCRH، آیوش کی وزارت کی سرپرستی میں کرے گی۔ یہ سمپوزیم ''تحقیق کو تقویت دینے، استعداد میں اضافہ کرنے'' کے موقع پر مبنی ہے۔

سمپوزیم کا مقصد مجموعی صحت اور تندرستی کو فروغ دینا نیز ہومیوپیتھی کے شعبے میں تحقیق سے متعلق جدید ترین تکنیک کے استعمال کو آگے لے جانا ہے۔ x

## UNSC PALESTINE

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے صدر نے فلسطینی اتھارٹی کی اُس درخواست کو نئے رکن کے داخلے سے متعلق کمیٹی کے سُپرد کر دیا ہے، جس میں فلسطین نے سلامتی کونسل کا ایک مکمل رکن بننے کیلئے کہا تھا۔ مالٹا کی، اقوام متحدہ کی سفیر Vanessa Frazier نے کمیٹی کے سامنے تجویز رکھی ہے کہ اِس درخواست پر غور و خوض کیا جائے۔ انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس درخواست پر تبادلۂ خیال اِس مہینے کیا جائے گا۔ کمیٹی کی میٹنگ کل منعقد ہوئی تھی۔ فلسطین کے، اقوام متحدہ کے ایلچی کے مطابق، ایسا دوسری مرتبہ ہے کہ فلسطین نے، اقوام متحدہ کا مکمل رکن بننے کی، آخر تک کوشش کی ہے۔ پچھلی بار 2011 میں وہ سلامتی کونسل کی قائمہ کمیٹی میں ناکام ہوگیا تھا کیونکہ امریکہ نے دھمکی دی تھی کہ اگر فلسطین کو اقوام متحدہ کا رکن بنانے کے بارے میں ووٹنگ کی گئی تو وہ ویٹو کرے گا۔ x

## CLIMATE CHANGE HOTTEST MARCH

اگر اِس سال کے آخر تک درجۂ حرارت میں کوئی کمی نہیں آئی تو آب و ہوا کی تبدیلی، غیر یقینی صورتحال کا شکار ہوسکتی ہے۔ ناسا کے خلائی مطالعات کے Goddard ادارے کے ڈائریکٹر Gavin Schmidt کے مطابق اگر اِس موسمِ گرما کے آخر تک شمالی اوقیانوس یا کہیں اور، ریکارڈ توڑنے دینے والا درجۂ حرارت واقع ہوتا ہے تو یہ غیر یقینی صورتحال پیدا ہوجائے گی۔

یہ وارننگ اِن اعداد و شمار کی بنیاد پر کی گئی ہے کہ مارچ 2024، ریکارڈ کے مطابق گرم ترین سال رہا ہے، جس میں پچھلے سال جون سے اب تک ہر مہینے لگاتار یہ ریکارڈ تور درجۂ حرارت رہا ہے۔
موسم کے اِس نظام کو El Nino کہا جاتا ہے اور موسم کی اِس بتدیلی کی وجہ حال ہی میں کچھ جگہوں پر شدید گرمی رہی ہے۔x

## EU INDIA

یوروپی یونین اور بھارت نے آج، الیکٹرک گاڑیوں کی بیٹری کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں کام کرنے والے اسٹارٹ اپس کیلئے، مل کر کام کرنے سے متعلق ایک تقریب کے سلسلے کا آغاز کیا ہے۔ تقریب کا مقصد، صاف ستھری اور ماحول کیلئے سازگار ٹیکنالوجیز کے شعبے میں یوروپ اور بھارت کے، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروباریوں کے درمیان تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔
اِس تقریب میں اسٹارٹ اپس، ایک-دوسرے کو اپنی معلومات اور مہارت سے واقف کرائیں گے تاکہ بھارت اور یوروپ دونوں ملکوں میں، کاربن کا اخراج مکمل طور پر ختم کرنے کے مقصد سے، کم یاب سامان اور اِس کے لانے لے جانے کے سلسلے کو فروغ دیا جاسکے۔
اِس پہل کا آغاز، بھارت- یوروپی یونین تجارت اور ٹیکنالوجی کاؤنسل TTC، کے تحت کیا گیا ہے، جس کا اعلان نئی دلّی میں 25 اپریل 2022 کو کیا گیا تھا۔x

## JAISHANKAR BELGIUM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، آج نئی دلی میں بیلجئم کی وزارت خارجہ کی سکریٹری جنرل Theodora Gentzis سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے بھارت، بیلجئم اور یوروپی یونین کے درمیان اقتصادی اور سیاسی تعاون کو مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے جواہرات کی صنعت کی تشویش کے معاملے کو بھی اٹھایا اور سیمی کنڈکٹرس اور صاف ستھری توانائی کی پیش رفت پر تبادلۂ خیال کیا۔ ×

## BAGLADESH HIJACKED SHIP

بنگلہ دیش کے جہاز رانی کے ریاستی وزیر خالد محمد چودھری نے، آج اِس امید کا اظہار کیا کہ اغوا کیے گئے بنگلہ دیشی بحری جہاز ''MV Abdullah'' کے عملے کے 23 ارکان کو اِس مہینے رہا کرایا جاسکتا ہے۔ ریاستی وزیر نے ڈھاکہ میں اپنے سکریٹریٹ دفتر میں اخبار نویسوں کو بتایا کہ اِس وقت مکمل صورتحال اُن کے کنٹرول میں ہے۔ انہوں نے کہا

کہ جہاز رانی کا محکمہ باقاعدگی کے ساتھ عملے کے افراد سے رابطہ رکھ رہا ہے اور وہ تمام لوگ محفوظ اور صحتمند ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں امور خارجہ کی وزارت کے ذریعے واپس لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ 12 مارچ کو صومالیہ کے بحری قزاقوں نے اُس وقت 23 عملے کے افراد سمیت اِس بحری جہاز کو اغوا کر لیا تھا، جب وہ 58 ہزار ٹن کوئلے کے ساتھ موزمبیق کے Maputo سے متحدہ عرب امارات کے Al Hamariyah جا رہا تھا۔ ×

## IMD WEATHER

مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ودربھ، مہاراشٹر، Gangetic مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اڈیشہ، بہار اور انڈمان و نکوبار جزائر میں سنیچر تک تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی توقع ہے۔

بھارت کے موسمیاتی محکمے IMD نے آئندہ 7 دن کے دوران تلنگانہ، کیرالہ اور Mahe میں بارش، دھول بھری آندھی، بجلی چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ گرم موسم کے بارے میں IMD نے کہا ہے کہ جمعرات تک سوراشٹر کے الگ تھلگ مقامات پر گرم ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔

کیرالہ اور Mahe میں گرم اور تپش بھرا موسم رہنے کی توقع ہے۔

ساحلی آندھرا پردیش، Yanam، جنوبی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، کیرالہ اور Royalseema میں جمعرات تک گرام اور حمس بھرا موسم رہنے کی توقع ہے۔×

## IPL

IPL کرکٹ میں، چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹ کے نقصان پر 182 رن بنا لیے تھے۔ اس طرح سے سن رائزرس حیدر آباد کے سامنے 183 رن کا نشانہ رکھا ہے۔×

☆☆☆☆☆